سوال

(130) کسب اور خلق میں کیا فرق ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسب اور خلق میں کیا فرق ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خلق نیست سے ہست کرنا اور عدم سے وجود میں لانا کسب کسی امر کا قصد اور ارادہ کرنا اور اس کے قصد اور ارادہ کے مطابق خدا تعالیٰ کا اس کے اعضاء میں حرکت پیدا کر دینا۔

کسب میں کچھ احتیاجی کا شائبہ بھی ہے یعنی کسی اپنی کمی اور ضرورت کو پورا کرنے کے لیے یہ قصد ارادہ ہوتا ہے اس لیے اس کی نسبت بندے کی طرف ہوتی ہے، خدا کی طرف نہیں ہوتی۔ (عبداللہ امرتسری روپڑ ۲۶ شعبان ۱۳۵۲ھ۔ فتاویٰ روپڑی جلد اول، صفحہ ۱۳۷، ۱۳۶)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 09 ص 320

محدث فتویٰ